# خاندان کی حفاظت کی تشخیص کا فارم

ہم خدمات برائے اعانت اطفال کے لیے اندراج کروانے والے ہر فرد سے یہ سوالات پوچھتے ہیں تاکہ ہمیں ان لوگوں کو حفاظتی اختیارات فراہم کرنے میں مدد مل سکے جنہیں ان کی ضرورت ہے۔ آپ ان سوالات یا دیگر حفاظتی اختیارات کے بارے میں اس عمل کے دوران کبھی بھی اپنے اعانت اطفال کارکن سے نجی طور پر بات کر سکتے ہیں۔

آپ کے جوابات آپ کے اعانت اطفال کیس کے دیگر فریق کے ساتھ شیئر نہیں کیے جائیں گے۔ معلومات کسی کے ساتھ شیئر نہیں کی جائیں ماسوائے کہ کسی بچے کو نقصان پہنچ رہا ہو یا کوئی خطرہ لاحق ہو۔ اگر آپ کو چائلڈ پروٹیکٹیو سروسز ( Child Protective Services, CPS) کی شمولیت کے متعلق کوئی تشویش ہو تو براہ مہربانی اپنے کارکن سے بات کریں۔ حفاظتی اختیارات اور نفاذ کی کارروائیوں کے بارے میں مزید معلومات، معلوماتی پرچہ *اعانت اطفال کو بحفاظت حاصل کرنے کا طریقہ: آپ کو کن باتوں کا علم ہونا چاہیے* (Getting Child Support Safely: What You Should Know) پر مل سکتی ہیں۔

**براہ مہربانی مندرجہ ذیل کا جواب دیں:**

1. کیا دیگر فریق نے کبھی اِن میں سے کچھ کیا ہے؟ **ان سب کو نشان زد کریں جن کا اطلاق ہوتا ہے۔**

☐ آپ کو، بچوں کو، آپ کے خاندان کو یا پالتو جانوروں کو نقصان پہنچانے کی دھمکی دی، یا خود کو نقصان پہنچانے کی دھمکی دی

☐جذباتی بدسلوکی (مثلاً، چیخنا، آپ کی تحقیر، آپ کو یہ سوچنے پر مجبور کرنا کہ آپ پاگل ہیں)

☐ مالی بدسلوکی (مثالیں: آپ کو پیسے یا اکاؤنٹس تک رسائی نہ دینا، آپ کو اکاؤنٹس تک رسائی سے روکنے کے لیے پاس ورڈ چھپانا یا تبدیل کرنا، آپ کو کام کرنے سے روکنا یا نوکری سے نکلوانا، آپ کے نام پر قرض لینا)

☐ہراساں کرنا یا پیچھا کرنا (مثالیں: بار بار کال/ٹیکسٹ کرنا، آپ کو ڈرانے/آپ پر نظر رکھنے کے لیے سوشل میڈیا کا استعمال، آپ کے مقام کا پتہ لگانا، آپ کے کام کرنے کی جگہ پر پہنچ جانا)

☐جنسی زیادتی (مثالیں: آپ کو جنسی طور پر کچھ ایسا کرنے پر مجبور کرنا جو آپ نہ کرنا چاہتے ہوں، ایسا کرنے کے لیے جسمانی طاقت، منشیات یا الکحل، ڈراوے کا استعمال یا ہتھیاروں کی نمائش کر کے آپ کو دھمکانا یا دباؤ میں لینا)

☐ جسمانی بدسلوکی (مثالیں: مارنا، دھکا دینا، لات مارنا، "گلہ گھوٹنا" یا آپ کے گلے پر ہاتھ رکھنا)

2. کیا آپ کا موجودہ یا مستقبل کا پتہ، آپ کہاں کام کرتے ہیں یا آپ سے رابطہ کیسے کیا جا سکتا ہے، دیگر فریق کے علم میں ہونے سے آپ کو حفاظت کے متعلق کوئی خدشات لاحق ہیں؟

☐ ہاں ☐ نہیں

3. بعض اوقات ہم آمدنی اور روزگار جیسی معلومات حاصل کرنے کے لیے دیگر فریق سے رابطہ کرتے ہیں۔ اگر ہم دیگر فریق سے رابطہ کریں تو کیا اس سے آپ کو کوئی حفاظتی خدشات ہیں؟

☐ ہاں ☐ نہیں

4. کیا دیگر فریق کی کمرے میں موجودگی میں عدالت میں پیش ہونے اور معلومات کا اشتراک کرنے سے آپ کے کوئی حفاظتی خدشات ہیں؟

☐ ہاں ☐ نہیں

5. کیا اگر/جب ملاقات کے لیے بچوں کو حوالے کیا جا رہا ہو یا ملاقات کے دوران آپ حفاظت کے حوالے سے فکرمند ہیں؟

☐ ہاں ☐ نہیں

6. کیا آپ کو یہ فکر ہے کہ اگر آپ خدمات برائے اعانت اطفال کے لیے اندراج کرواتے ہیں تو دیگر فریق آپ کو دھمکائیں گے، آپ کے خلاف انتقامی کارروائی کریں گے یا فیملی کورٹ، CPS یا دیگر نظاموں کو آپ کے خلاف استعمال کرنے کی کوشش کریں گے؟

☐ ہاں ☐ نہیں

7. عدالت کی حکم کردہ اعانت اطفال وصول کرنے کے لیے، ہم دیگر فریق کی تنخواہ کے چیک سے براہ راست رقم کی کٹوتی کریں گے۔ اگر وہ ادائیگی نہیں کرتے تو کارروائیاں (مثلاً ڈرائیور، پیشہ ورانہ اور تفریحی لائسنس کی معطلی؛ پاسپورٹ استعمال نہ کرنے دیا جانا؛ بینک اکاؤنٹس منجمد کرنا، اور ان کے ریاستی اور وفاقی ٹیکس ریفنڈز لیے جانا) عمل میں لائی جا سکتی ہیں۔
اگر اعانت حاصل کرنے کے لیے دیگر فریق کے خلاف اقدامات کیے جائیں تو کیا آپ کو کوئی حفاظتی خدشات ہیں؟

☐ ہاں ☐ نہیں

آپ کے لیے یہ پُر کرنا لازمی نہیں ہے۔ **☐ اگر آپ مندرجہ بالا سوالات کا جواب نہ دینا چاہیں تو یہاں نشان لگائیں۔**

پارٹی (CP/NCP) ______________ مکمل کرنے کی تاریخ ______________

ضلع کے نام کے ابتدائی حروف ______________